سیلاب کے بعد گھر واپسی

سیلاب کے بعد محفوظ رہنے کے لیے معلومات

اردو | Urdu

OFFICIAL

جب آپ سیلاب کے بعد اپنے گھر واپس جا رہے ہوں تو خود کو اور اپنے گھر والوں کو ممکنہ چوٹوں یا بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے یہ معلومات پڑھیں۔

بحفاظت گھر واپسی کیسے ممکن ہے

- سیلاب کے پانی میں کبھی نہ چلیں، نہ ہی تیریں اور نہ ہی گاڑی چلائیں، چاہے پانی کم گہرا ہو۔ جب تک واپس جانا محفوظ نہ ہو، بچوں اور جانوروں کو دور رکھیں۔
- سیلابی پانی اور کیچڑ کے جلد سے چھونے کی وجہ سے بیماریاں اور انفیکشن ہو سکتے ہیں۔ سیلابی پانی کے چھونے سے بچیں اور باقاعدگی سے اپنے ہاتھ صابن سے دھوتے رہیں۔
- صفائی کرتے ہوئے واٹر پروف بوٹ اور ربر یا چمڑے کے دستانے پہنیں۔
- اگر آپ کی جلد پر چیرے یا زخم ہوں تو انہیں سیلابی پانی سے بچانے کے لیے ڈھکیں۔ اگر آپ کو چوٹ یا چیرا لگ جائے تو زخم کو صاف کریں اور فوراً اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔
- گھر میں داخل ہونے سے پہلے ان چیزوں کا پتہ چلانے کے لیے نظر دوڑائیں:
  - ✓ سیلاب کی وجہ سے آپ کے گھر میں سیوریج کا پانی آ سکتا ہے
  - ✓ گیس یا بجلی کی سپلائی کو نقصان پہنچ سکتا ہے
  - ✓ آپ کے گھر کی عمارت کو نقصان پہنچ سکتا ہے
  - ✓ سانپ اور دوسرے جانور آپ کے گھر، شیڈ یا باغیچے میں ٹھکانا بنا سکتے ہیں
  - ✓ آپ کے صحن میں پانی جمع رکھنے والی چیزوں میں جو پانی کھڑا ہو، اسے پھینک دیں کیونکہ اس میں مچھر پنپتے ہیں
  - ✓ اگر آپ کے گھر میں پھپھوند لگی ہو تو گھر میں واپس منتقل ہونے سے پہلے اسے صاف کروانا ضروری ہے۔
- اگر بجلی بند ہوئی تھی تو فریج میں رکھی خوراک یا دوائیاں چیک کریں۔ شاید انہیں پھینکنا ضروری ہو۔
- گھر کے اندر پورٹیبل جنریٹر استعمال نہ کریں کیونکہ اس سے کاربن مونوآکسائیڈ گیس نکلتی ہے جو آپ کو شدید بیمار کر سکتی ہے۔
- سیلاب کی وجہ سے پینے کا پانی آلودہ ہو سکتا ہے۔ اپنی واٹر ایجنسی سے پوچھیں کہ کیا آپ کے گھر میں نل کا پانی پینے کے لیے محفوظ ہے۔ اگر آپ کا پانی مین واٹر پائپ سے منسلک نہیں ہے اور آپ کے خیال میں آپ کی پرائیویٹ واٹر سپلائی سیلاب سے متاثر ہوئی ہے تو اپنی لوکل کاؤنسل سے رابطہ کریں۔
- ندی نالوں، دریاؤں اور سمندروں یا سوئمنگ پول میں مت تیریں کیونکہ یہاں آلودہ پانی ہو سکتا ہے۔
- سیلاب کی وجہ سے آپ کی عمارت کے کچھ حصے جیسے پائپ، سیمنٹ شیٹنگ یا ٹائلیں اپنی جگہ سے ہٹ سکتی ہیں۔ اگر آپ کو ایسبیسٹاس ملے تو اس میٹیریل کو نہ چھیڑیں اور اپنی لوکل کاؤنسل سے رابطہ کریں۔
- اگر آپ کے یہاں پانی کے نکاس کا نظام متاثر ہوا ہے تو پانی کا استعمال کم کر دیں اور پلمبر کو بلائیں۔

اپنا خیال رکھیں

- ایسے میں انسان کو بہت سے جذبات کا سامنا ہونا نارمل ہے، اپنا خیال رکھنے کے لیے تھوڑا سا وقت نکالیں اور سہارے کے لیے اپنے پیاروں سے قریب ہو جائیں۔
- اگر آپ کو مسائل اپنی برداشت سے زیادہ لگ رہے ہوں تو آپ مفت مدد کے لیے 1300 375 330 پر ذہنی صحت اور فلاح کے مراکز سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو اپنی صحت کے متعلق فکر ہو تو اپنے جی پی سے ملیں۔ ہنگامی صورتحال میں 000 پر کال کریں۔ اگر آپ کال نہ کر سکتے ہوں تو آپ کو اپنے قریبی ہسپتال میں جانا چاہیے۔
- اگر آپ یا آپ کے کسی پیارے کو شدید مشکلات پیش ہیں تو 14 11 13 پر Lifeline یا 636 224 1300 پر Beyond Blue کو کال کریں۔

مالی مدد حاصل کریں

- اگر آپ کا گھر سیلاب سے متاثر ہوا ہے تو آپ کو ایک دفعہ ملنے والی ایمرجنسی پیمنٹ لینے کا حق حاصل ہو سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے دیکھیں:https://emergencypayments.dffh.vic.gov.au
- اگر آپ اپنے گھر کو نقصان پہنچنے کی وجہ سے گھر میں نہ رہ سکتے ہوں یا اگر آپ 7 دن سے زیادہ عرصہ اپنے گھر میں داخل نہ ہو سکتے ہوں تو شاید آپ کو Re-establishment Assistance مل سکتی ہو۔ مزید معلومات کے لیے دیکھیں: https://services.dffh.vic.gov.au/personal-hardship-assistance-program
- کسی بڑی آفت کی وجہ سے آمدن سے محروم ہونے والے ملازمین اور سول ٹریڈرز کے لیے Disaster Recovery Allowance دستیاب ہے۔ آپ کو آفت کے بعد 13 ہفتوں تک کے عرصے کے لیے ادائیگیاں مل سکتی ہیں۔ مزید معلومات کے لیے https://www.servicesaustralia.gov.au/natural-disaster-events?context=60042 دیکھیں۔
- اگر آپ کو سیلاب کی وجہ سے شدید چوٹ یا زخم پیش آیا ہو یا آپ کے گھر کو شدید نقصان پہنچا ہو تو شاید آپ کو Australian Government Disaster Recovery Payment لینے کا حق حاصل ہو۔ بالغوں کو $1000 اور بچوں کو $400 مل سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے https://www.servicesaustralia.gov.au/victorian-floods-october-2022-australian-government-disaster-recovery-payment دیکھیں۔
- عارضی رہائش یا دیگر مدد کے لیے 760 560 1800 پر Flood Recovery Hotline کو فون کریں۔
- اگر آپ کو انشورنس کے معاملات میں مدد کی ضرورت ہو تو 621 734 1800 پر Insurance Council Australia کی آفات کے لیے ہاٹ لائن کو فون کریں۔

اس اشاعت کو معذور افراد کے آسان فارمیٹ میں حاصل کرنے کے لیے pph.communications@health.vic.gov.au پر ای میل کریں۔